نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: کورٹنی بیعل

قائم مقام ترجمان

فون: 0300-501-2640

17 فروری 2011ء

برائے فوری اجراء

037/2011

امریکی سفیر کیمرون منٹر کا بیان

اسلام آباد (17 فروری 2011) ___ آج لاہور میں ہونے والی سماعت پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے امریکی سفیر کیمرون منٹر نے کہا کہ امریکہ کو حکومت پاکستان کی جانب سے ریمنڈ ڈیوس کو سفارتی استثنیٰ کے حوالے سے تصدیق نہ کرنے پر مایوسی ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ نے اس کیس کے حوالے سے اپنی پوزیشن واضح کر رکھی ہے۔

سفیر منٹر نے کہا کہ سینیٹر کیری کا دورہ حکومت پاکستان کے ساتھ مل کر اس مسئلے کو حل کرنے کے متعلق ہماری خواہش کا اظہار ہے۔ ''جیسا کہ سینیٹر کیری نے اپنے دورے کے دوران کہا کہ ہم ایسے دو ممالک کی حیثیت سے مل جل کر کام کرنا چاہتے ہیں جن کا مفاد مشترک اور مقصد ایک ہے اور جو آگے بڑھنے کی راہ تلاش کرنا چاہتے ہیں۔''

سینیٹر کیری کے خیالات کا اعادہ کرتے ہوئے سفیر نے مزید کہا کہ لاہور میں پیش آنے والے المناک واقعہ میں انسانی جانوں کے ضیاع پر میں پاکستانی عوام کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرنا چاہتا ہوں۔ ہم سب ان خاندانوں کے دکھ اور کرب کو محسوس کر سکتے ہیں جن کے پیارے ان سے بچھڑ گئے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔